بہی خواہوں نے بہت سراہا اور مجھے کئی احباب نے بذریعہ فون روزنامہ جنگ کے اس اداریہ کی طرف متوجہ کیا اور وفاق المدارس کے ترجمان مجلہ، ماہنامہ ''وفاق المدارس'' میں اس اداریہ کو دوبارہ شائع کرنے کی تجویز پیش کی۔ ان شاء اللہ ہم ماہنامہ ''وفاق المدارس'' کی اگلی اشاعت میں اس اداریہ کو روزنامہ جنگ کے شکریہ کے ساتھ قندِ مکرر کے طور پر شائع کریں گے۔

اس خط کے ذریعے ہم آپ کے پورے ادارے بالخصوص محترم میر جاوید الرحمٰن، محترم میر شکیل الرحمٰن، ایڈیٹوریل بورڈ کے جملہ ممبران اور فاضل اداریہ نویس کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرنا چاہتے ہیں کہ آپ نے مدارس کے خلاف جھوٹے پروپیگنڈہ کے اس دور میں انصاف کے تقاضوں کو ملحوظ رکھتے ہوئے اتنا مبنی بر حقیقت اداریہ سپردِ قلم کیا۔ آپ نے اپنے اداریے میں دینی مدارس کے کردار پر اختصار مگر جامعیت کے ساتھ جو روشنی ڈالی ہے اس سے ملک بھر کے ہزاروں مدارس کے اربابِ بست و کشاد کی حوصلہ افزائی ہوئی ہے، آپ نے مدارس کے حوالے سے حکمرانوں کو جس دانشمندی، بصیرت، افہام و تفہیم اور مدارس کی قیادت کو اعتماد میں لے کر کسی بھی قسم کی پالیسی وضع کرنے کا صائب مشورہ دیا اللہ کرے ہمارے حکمرانوں کو اس کی سمجھ نصیب ہو جائے۔

میں ایک مرتبہ پھر اتحاد تنظیمات مدارس دینیہ کی طرف سے بالعموم اور وفاق المدارس العربیہ پاکستان کی طرف سے بالخصوص تہہ دل سے آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور اُمید کرتا ہوں کہ آئندہ بھی آپ مدارس کی گرانقدر خدمات سے اپنے قارئین کے وسیع حلقہ کو وقتاً فوقتاً آگاہ کرتے رہیں گے۔ اللہ آپ کا حامی و ناصر ہو۔

والسلام
دعا گو و دعا جو
(حضرت مولانا) قاری محمد حنیف جالندھری
ناظم اعلیٰ وفاق المدارس العربیہ پاکستان
مہتمم جامعہ خیر المدارس، ملتان

مدیر محترم کو صدمہ

ماہنامہ وفاق المدارس ملتان کے مدیر محترم، ملک کے مایہ ناز ادیب حضرت العلامہ ابن الحسن عباسی دامت برکاتہم العالیہ کی والدہ محترمہ ۶۲ سال کی عمر میں جمعرات و بدھ کی درمیانی شب مورخہ ۲۱ مئی ۲۰۰۹ء کو انتقال کر گئیں۔ (انا للہ وانا الیہ راجعون) مرحومہ انتہائی نیک سرشت، پاک طینت، پارسا اور تہجد گزار خاتون تھیں۔ نماز جنازہ صدر اتحاد تنظیمات مدارس دینیہ و صدر وفاق المدارس العربیہ پاکستان شیخ الحدیث حضرت مولانا سلیم اللہ خان صاحب زیدت معالیہم رئیس جامعہ فاروقیہ کراچی نے پڑھائی۔ نماز جنازہ میں کراچی کے مختلف طبقوں سے تعلق رکھنے والی معروف شخصیات نے شرکت کی۔ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جوارِ رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل سے نوازے ''ماہنامہ وفاق المدارس ملتان'' کے جملہ کارکنان حضرت مدیر محترم کے اس غم میں برابر کے شریک ہیں، قارئین کرام سے دعاؤں کی درخواست ہے۔ (عبداللطیف معتصم، نائب مدیر ''ماہنامہ وفاق المدارس'' ملتان)